**31.07.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ ارجمند علی خان

**Music**

☆ بھارت اور ویتنام نے جامع کلیدی ساجھیداری کو مزید تقویت پہنچانے کیلئے دو طرفہ بات چیت کی ہے۔

☆ وائناڑ میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے سے متاثرہ علاقوں میں تلاش اور بچاؤ کی کارروائی جاری ہے ۔ مرنے والوں کی تعداد 260 سے زیادہ ہوگئی ہے۔

☆ ہماچل پردیش میں شدید بارش اور بادل پھٹنے کے واقعات کے بعد 41 افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔

☆ سپریم کورٹ نے فیصلہ سنایا ہے کہ درجِ فہرست ذاتوں اور درجِ فہرست قبیلوں کے زمرے میں ذیلی درجہ بندی کی اجازت ہے۔

☆ بھارت نے سری لنکا کے ایلچی کو طلب کرکے، Katchatheevu جزیرے کے شمال میں ایک بھارتی ماہی گیر کی موت کے معاملے پر احتجاج کیا ہے۔

☆ اور اولمپک کھیلوں میں ، مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم کا مقابلہ دفاعی چیمپئن بلجیم سے ہورہا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**INDIA - VIETNAM**

وزیر اعظم نریندر مودی اور ویتنام کے اُن کے ہم منصب Pham Minh Chinh کے درمیان دو طرفہ بات چیت نئی دلّی میں ہورہی ہے۔ امید ہے کہ طرفین بات چیت کے بعد کئی سمجھوتوں پر دستخط کریں گے۔ ویتنام کے وزیر اعظم کا آج صبح راشٹرپتی بھون میں باضابطہ استقبال کیا گیا۔ اِس موقع پر جناب مودی بھی وہاں موجود تھے۔

ویتنام کے وزیر اعظم نے راج گھاٹ جاکر مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کیا ۔ جناب Pham Minh Chinh آج صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جگدیپ دھنکڑ سے بھی ملاقات کریں گے۔ وہ بھارت کے تین دن کے سرکاری دورے پر منگل کو نئی دلّی پہنچے تھے۔ اُن کے ہمراہ اعلیٰ سطح کا ایک وفد بھی بھارت آیا ہوا ہے، جس میں کئی وزیر، نائب وزراء اور کاروباری لیڈر شامل ہیں۔

بھارت اور ویتنام کے صدیوں پرانے تاریخی اور ثقافتی رشتے ہیں ، جنہیں ستمبر 2016 میں وزیر اعظم نریندر مودی کے ویتنام کے دورے کے موقع پر جامع کلیدی ساجھیداری کی سطح پر پہنچایا گیا تھا۔ x

**KERALA-WAYANAD**

کیرالہ کے وائیناڈ ضلعے میں **Mundakkai**، **Attamala** اور **Chooralmala** علاقوں میں بچاؤ اہلکار تلاشی کی کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں، جہاں منگل کے روز بڑے پیمانے پر چٹانوں کے ٹکرے گرنے کا المناک واقعہ پیش آیا تھا، جس میں جان ومال کا بڑا نقصان ہوا ہے۔ بچاؤ اہلکار متاثرہ علاقوں میں جمع ہوئے ملبے کے انبار میں زندہ بچے لوگوں اور لاشوں کو تلاش کررہے ہیں۔ **Punchirivattom** علاقے میں زندہ بچے لوگوں کی تلاش جاری ہے، جو جنگلات سے متصل علاقہ ہے، جہاں سے چٹانوں کے ٹکرے گرنے شروع ہوئے تھے۔ تلاش کارروائی میں کھوجی کتے بھی استعمال کئے جارہے ہیں۔ پولیس ذرائع نے کہا ہے کہ اب تک **260** افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں اور اِن میں سے **99** لاشوں کی شناخت ہونا باقی ہے۔

**Chooralmalai** میں **Bailey** برج کی تعمیر کا کام جاری ہے اور امکان ہے کہ یہ آج دوپہر تک پورا ہوجائے گا۔ اِس دوران بچاؤ اہلکاروں نے کوزی کوڈ سے ایک شخص کی لاش برآمد کی ہے۔

**IAF WAYANAD**

کیرالہ کے وائیناڈ میں بڑے پیمانے پر چٹانوں کے ٹکرے گرنے کے المناک واقعے کے سبب بھارتی فضائیہ نے این ڈی آر ایف اور دیگر ایجنسیوں کے ساتھ تال میل میں منگل کے روز بچاؤ اور امدادی کارروائیاں شروع کی ہیں۔ بھارتی فضائیہ کے مال بردار جہاز **C-17** کے ذریعہ بچاؤ کارروائیوں کے لیے طبی سامان سمیت **53** میٹرک ٹن ضروری سازوسامان پہنچایا گیا ہے۔فضائیہ کے اے این–**32** اور سی–**130** طیارے امدادی سامان اور اہلکاروں کو پہنچا رہے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ ان طیاروں نے متاثرہ علاقہ سے بچاؤ ٹیموں اور بے گھر شہریوں کو بحفاظت نکالا ہے اور**200** سے زیادہ افراد کو محفوظ مقامات پر پہنچایا ہے۔

اس کے علاوہ ایم آئی –**17** اور جدید ترین ہلکے ہیلی کاپٹر دھرو کو بھی امدادی کارروائیوں میں شامل کیا گیا ہے۔ اِن ہیلی کاپٹروں نے بڑی تعداد میں لوگوں کو متاثرہ علاقوں سے بحفاظت نکالا ہے۔

**PAR - THAROOR**

کانگریس کے سرکردہ ممبرِ پارلیمنٹ ششی تھرور نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ وائناڑ میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے واقعے کو شدید نوعیت کی قدرتی آفت قرار دیا جائے۔ آج پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، جناب تھرور نے بتایا کہ انہوں نے اس سلسلے میں ایک مراسلہ وزیر داخلہ امت شاہ کو تحریر کیا ہے۔

انہوں نے کہا کہ سرکار کی جانب سے اِس واقعے کو قدرتی آفت قرار دیئے جانے کے بعد ارکانِ پارلیمنٹ **MP-LADS** رہنما خطوط کے تحت راحت اور بازآباد کاری کیلئے ایک کروڑ روپے کا عطیہ دے سکتے ہیں۔ **x**

**LS-DIGIYATRA**

شہری ہوا بازی کے وزیر Kinjarapu رام موہن نائیڈو نے کہا ہے کہ ملک کے 15 ہوائی اڈوں پر Digi Yatra پر عمل درآمد شروع ہوگیا ہے۔ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے، جناب نائیڈو نے کہا کہ Digi Yatra سے ہوائی اڈوں پر مسافروں کو سہولت ہو گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ Digi Yatra سہولت مزید 12 ہوائی اڈوں پر جلد شروع کی جائے گی۔ x

**LS-JAL JEEVAN MISSION**

حکومت نے کہا ہے کہ ملک میں جل جیون مشن اسکیم کے تحت 15 کروڑ سے زیادہ پانی کے نل کے کنکشن فراہم کئے گئے ہیں۔ وہ بجلی کے بلوں میں کمی کی خاطر شمسی توانائی کے استعمال کی حوصلہ افزائی بھی کررہی ہے۔ آج لوک سبھا میں ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جل شکتی محکمہ کے وزیر سی آر پاٹل نے ایوان کو مطلع کیا کہ پینے کے صاف پانی کی دستیابی کا جائزہ لینے کے لیے ملک میں 8 ہزار سے زیادہ گاوؤں کا سروے کیا گیا ہے۔

**HP CLOUDBURST**

ہماچل پردیش میں کل رات تین مقامات پر موسلادھار بارش اور بادل پھٹنے کی وجہ سے کافی نقصان ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ بادل پھٹنے کے واقعات میں کم از کم 41 افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔

شملہ ضلعے میں رامپور سب ڈویژن کے Jhakhri علاقے میں آدھی رات کے وقت ہائیڈرو پروجیکٹ کے نزدیک Samej Khad کے مقام پر بادل پھٹنے سے تباہ کاری ہوئی۔ تازہ اطلاعات کے مطابق 36 افراد لاپتہ بتائے گئے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر انوپم کشیپ نے بتایا کہ رامپور کی سب ڈویژن انتظامیہ نے NDRF، CISF اور ہوم گارڈس کی ٹیموں کے ساتھ مل کر بچاؤ کارروائی شروع کر رکھی ہے۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ 36 لاپتہ افراد کی فہرست تیار کی گئی ہے اور اُن کا پتہ لگانے اور بچانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ SDM نشانت تومر وہاں بچاؤ کارروائی کی نگرانی کررہے ہیں۔ x

**HM-SHAH HP**

مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے ہماچل پردیش کے وزیر اعلیٰ سُکھوِندر سنگھ سُکھو سے فون پر بات کی اور ریاست میں بادل پھٹنے کے واقعات سے پیدا صورتحال کے بارے میں جانکاری حاصل کی۔ جناب امت شاہ نے ریاست کے وزیر اعلیٰ کو مرکزی سرکار کی طرف سے ہر ممکن امداد کا یقین دلایا، جس میں بچاؤ اور امدادی کارروائی میں مدد کیلئے NDRF کی تعیناتی بھی شامل ہے۔ x

## IMD - RAINFALL

بھارتی موسمیات محکمے نے آئندہ پانچ دنوں کے دوران ملک کے مشرقی مغربی، وسطی، جنوبی جزیرہ نما اور شمال مشرقی خطوں میں بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ہفتہ کے روز تک مدھیہ مہاراشٹر، مدھیہ پردیش، کونکن، گوا اور گجرات میں بھی انتہائی شدید بارش کا قوی امکان ہے۔ محکمہ موسمیات نے آج آسام، میگھالیہ، منی پور اور میزورم میں اور 3 اگست تک اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور اترپردیش میں شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

اِس دوران کل رات قومی راجدھانی دلی میں شدید بارش سے معمولات زندگی متاثر ہوئے اور سو ملی میٹرس سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی۔ آئی ایم ڈی نے پیش گوئی کی ہے کہ دلی میں 5 اگست تک ہلکی سے اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

## SUPREME COURT - SC/ST QUOTA

سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ سنایا ہے کہ ریاستی قانون ساز اداروں کی جانب سے درج فہرست ذاتوں اور درج فہرست قبیلوں کے اندر ذیلی درجہ بندی کی اجازت ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندر چوڑ کی سربراہی والی سات ججوں کی بینچ نے چھ - ایک کے اکثریتی فیصلے سے 2004 کے EV Chinniah فیصلے کو ردّ کردیا ۔

اِس فیصلے میں یہ کہا گیا تھا کہ ریاستی قانون ساز ادارے نہیں ، بلکہ صرف پارلیمنٹ آئین کی دفعہ 341 کے تحت صدارتی فہرست سے ، اُن ذاتوں کو الگ کرسکتی ہے، جنہیں درجِ فہرست ذات مانا گیا ہے۔ چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ نے اپنے فیصلے میں تاریخی شواہد کا حوالہ دیتے ہوئے تجویز کیا کہ درج فہرست ذاتیں ایک ہی طرح کا طبقہ نہیں ہیں ۔

انہوں نے کہا کہ اِس کی ذیلی درجہ بندی سے آئین کی دفعہ 14 کی خلاف ورزی نہیں ہوتی اور دفعہ 15 اور 16 کے تحت سرکار کو کسی ذات کی ذیلی درجہ بندی کی ممانعت نہیں ہے۔

اِس سے قبل اِس سال 8 فروری کو سپریم کورٹ نے اٹارنی جنرل آر وینکٹ رَمَنی، سالیسیٹر جنرل تُشار مہتا، سینئر ایڈووکیٹ کپل سبل اور دیگر افراد کی دلائل کی سماعت کے بعد اپنا حکم محفوظ رکھا تھا ۔ مرکزی سرکار نے یہ کہا تھا کہ وہ درجِ فہرست ذاتوں اور درجِ فہرست قبیلوں میں ذیلی درجہ بندی کے حق میں ہے۔ x

## INDIA - SRILANKA

بھارت نے سری لنکا کے ایلچی کو طلب کرکے، Katchatheevu جزیرے کے شمال میں ایک بھارتی ماہی گیر کی موت کے معاملے پر احتجاج کیا ہے۔ سری لنکا کی بحریہ کے بحری جہاز اور ماہی گیری کے کام آنے والی بھارتی کشتی کے ٹکرانے سے ایسا ہوا ہے۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق نئی دلّی میں سری لنکا کے قائم مقام ہائی کمشنر کو آج صبح وزارتِ خارجہ میں طلب کیا گیا اور اس معاملے پر سخت احتجاج کیا گیا۔

اُدھر کولمبو میں بھارتی ہائی کمشنر بھی سری لنکا سرکار کے ساتھ یہ معاملہ اٹھائیں گے۔ بھارتی ماہی گیروں کی کشتی پر چار

ماہی گیر سوار تھے ۔ ایک ماہی گیر لاپتہ بتایا گیا ہے ، جبکہ دو کو بچا لیا گیا ۔ لاپتہ بھارتی ماہی گیر کی تلاش جاری ہے۔ x

## META-INDIA

**Meta** کے بانی اورسی ای او **Mark Zuckerberg** نے کہا ہے کہ اب بھارت ان کے آٹیفشیل انٹلی جنس یعنی مصنوعی ذہانت کے استعمال کا سب سے بڑا بازار ہے۔ دوسری سہ ماہی کا جائزہ پیش کرتے ہوئے جناب **Zuckerberg** نے کہا کہ وہ اِس بات کا مشاہدہ کررہے ہیں کہ وہاٹس ایپ کے استعمال میں کچھ کمی واقع ہورہی ہے اور بھارت **Meta-AI** کے استعمال کے لیے اُن کا سب سے بڑا بازار بن گیا ہے۔ **Meta-AI** اب فرانسیسی اور جرمن زبانوں سمیت دیگر **7** زبانوں کے علاوہ ہندی میں بھی دستیاب ہے۔ بھارت میں **Meta-AI** کا گزشتہ برس آغاز کیاگیا تھا، لیکن اِس سال جون میں اِسے خاص طور سے عوام کے لیے دستیاب بنایاگیا ہے۔

## UN SECURITY COUNCIL

اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے ملکوں نے ایران کی راجدھانی تہران میں حماس کے سیاسی امور کے سربراہ اسماعیل ہانیہ کی ہلاکت کے تناظر میں مغربی ایشیا میں ایک وسیع تر ٹکراؤ کو روکنے کیلئے سفارتی کوششیں تیز کئے جانے پر زور دیا ہے۔ اقوامِ متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے کہا ہے کہ اسرائیل کے، اُن دو حملوں سے کشیدگی میں خطرناک حد تک اضافہ ہوسکتا ہے ، جن میں حماس اور حزب اللہ کے سینئر لیڈر مارے گئے ہیں۔

انہوں نے علاقائی محاذ آرائی کو پھیلنے سے روکنے کی خاطر بین الاقوامی سفارتی کوششوں کی ضرورت اجاگر کی ہے۔

کل تہران میں اسماعیل ہانیہ کی ہلاکت سے قبل بیروت میں اسرائیلی حملے میں حزب اللہ کا چوٹی کا ملٹری کمانڈر فواد شُکر مارا گیا تھا۔ x

## PARIS OLYMPICS

پیرس اولمپکس میں مردوں کی بھارتی ہاکی ٹیم کا مقابلہ دفاعی چمپئن بلجیم سے ہورہا ہے۔ بھارت پہلے ہی کوارٹر فائنل کے لیے کوالیفائی کرچکا ہے۔

اس کے علاوہ آج دو مرتبہ کی عالمی چمپئن مکے باز نکہت زریں خواتین کے **50** کلو گرام زمرے میں اپنا مقابلہ کھیلیں گی۔

بیڈمنٹن میں بھی آج ناک آؤٹ مقابلے کھیلے جائیں گے۔ بھارت کے سرکردہ بیڈمنٹن کھلاڑی پی وی سندھو، لکشیہ سین، ایچ ایس **Prannoy** سنگلز میں، جبکہ ساتوک سائی راج**Rankireddy** اور چراغ شیٹی ڈبلز کے اپنے پری کوارٹر فائنل مقابلے کھیلیں گے۔

☆☆☆